## ایم کیو ایم کے کارکنان معظم علی اور عبدالغفور کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔25،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے سینئر کارکن معظم علی اور ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر کے کارکن عبدالغفور کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں جاگیردارانہ نظام کے تحفظ کیلئے کام کررہی ہیں،عبدالرشید گوڈیل،ڈاکٹر صغیر احمد
## پاکستان کواٹر لاکھانی ہائٹس میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے حق پرست امیدواروں کا خطاب

کراچی۔۔۔25،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے252 عبدالرشید گوڈیل اور پی ایس 117 ڈاکٹر صغیر احمد نے اپنی انتخابی مہم کے سلسلے میں پاکستان کواٹر میں لاکھانی ہائٹس میں منعقدہ کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ملک بھر کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے عملی جدوجہد کررہی ہے۔کارنر میٹنگ میں اسماعیلی برادری سے تعلق رکھنے والے بزرگوں اور نوجوانوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر اسماعیلی برادری پاکستان کواٹر لاکھانی ہائٹس کے صدر روز یرعلی لالانی اور دیگر معززین نے آئندہ عام انتخابات میں حق پرست امیدواروں کی مکمل حمایت کا اعلان کیا اور اسماعیلی برادری سے اپیل کی کہ وہ 18،فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں حق پرستوں امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔قبل ازیں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے عبدالرشید گوڈیل اور ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتیں جاگیردارانہ نظام کے تحفظ کیلئے کام کررہی ہیں اور ان جماعتوں سے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کے مسائل کے حل کی امید کرنا بےکار ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ حق پرست قیادت نے اپنے پانچ سالہ دور میں ملک،صوبے اور شہر کی ترقی وخوشحالی ،عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بڑے پیمانے پر ترقیاتی کام کرائے جس کی مثال پاکستان کی 60 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ عام انتخابات میں ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔قبل ازیں حق پرست امیدوار عبدالرشید گوڈیل نے سولجر بازار کے مختلف علاقوں کا تفصیلی دورہ کیا اور علاقے کے مکینوں سے ملاقات کرکے ان سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو حق پرستوں کے انتخابی نشان ''پتنگ'' پر مہر لگائیں۔

## 18،فروری حق پرستوں کی شاندار فتح کا دن ثابت ہوگا،شیخ صلاح الدین

کراچی۔۔۔25،جنوری2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ووٹ بینک میں تیزی سے اضافہ ہورہا ہے،18،فروری ملک بھر میں حق پرستوں کی شاندار فتح کا دن ثابت ہوگا اس دن غریب ومتوسط کے عوام اپنے ووٹ کی طاقت سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور اس کے پروردہ عناصر کو مسترد کردیں گے۔ان خیالات کا اظہار متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے این اے244 شیخ صلاح الدین نے اپنے حلقہ انتخاب بفرزون اور کے بی آر سوسائٹی میں کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کارنر میٹنگ میں بفرزون اور کے بی آر سوسائٹی کے مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ایم کیو ایم نے ہمیشہ بھائی چارے،اخوت،محبت،فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور مذہبی رواداری کا درس دیا ہے اور ایم کیو ایم کی مسلسل کاوشوں سے سندھ سے فرقہ وارانہ فسادات کا خاتمہ ہوچکا ہے۔شیخ صلاح الدین نے کہا کہ ملک بھر کے باشعور عوام جان چکے ہیں کہ قومی دولت کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے والے عناصر کون ہیں اور ایم کیو ایم پاکستان کی واحد جماعت ہے جو ملک وقوم کو قومی لٹیروں سے نجات دلانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ 18 فروری2008 کو عوام اپنے اتحاد کا مظاہرہ کرکے ثابت کردیں گے کہ وہ ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہیں۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## معظم علی، عبدالغفور اور اختیار الحق کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔25، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم فیڈرل بی ایریا سیکٹر یونٹ 145 کے کارکن معظم علی، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ 67 بی کے کارکن عبدالغفور اور ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر کے شہید کارکن منہاج الحق شہید کے والد اختیار الحق کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ ( آمین )

## سندھ اور کراچی میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات پر سیاسی و مذہبی جماعتوں کی خاموشی معنی خیز ہے، محمد افضل

کراچی۔۔۔25، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدوار برائے پی ایس 123 شیخ محمد افضل نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ امن پسند جماعت ہے جو جمہوریت پر مکمل یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب کے مختلف علاقے کورنگی نمبر 4، 5 اور جے ون ایریا شرقی میں منعقدہ کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ سانحہ لیاقت باغ کے بعد سندھ بالخصوص کراچی میں جلاؤ گھیراؤ اور لوٹ مار کے واقعات پر سیاسی و مذہبی جماعتوں کی خاموشی معنی خیز ہے اور اس بات کا ثبوت ہے کہ انہیں سندھ بالخصوص کراچی کے عوام سے کوئی ہمدردی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ سندھ بھر کے عوام ایک مرتبہ پھر نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کے منافقانہ کردار اور دوعملی کا مشاہدہ کر چکے ہیں اور انشاءاللہ آئندہ عام انتخابات میں سندھ بھر کے عوام اپنے اتحاد سے نام نہاد سیاسی و مذہبی جماعتوں کو مسترد کردیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت نے صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں متعدد ترقیاتی منصوبے بنا کر ثابت کردیا ہے کہ حق پرست عوامی نمائندے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے عوام کی عملی خدمت کررہے ہیں اور انشاءاللہ عوام کی عملی خدمت کا یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 18 فروری کو حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں اور حق پرست امیدواروں کے انتخابی نشان پتنگ پر اپنے اعتماد کی مہر ثبت کریں۔

## ایم کیو ایم، صوبائی خودمختاری پر یقین رکھتی ہے، وسیم اختر اور ہارون رضا
## پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی میں کاروباری شخصیات سے خطاب

کراچی۔۔۔25، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدوار برائے این اے 251 وسیم اختر اور برائے پی ایس 115 محمد رضا ہارون نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کے نمائندے جاگیردار، وڈیرے یا سرمایہ دار نہیں بلکہ غریب و مڈل کلاس طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور ایم کیو ایم تمام صوبوں کیلئے مکمل صوبائی خودمختاری پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ای سی ایچ ایس سوسائٹی میں بزنس کمیونٹی سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کارنر میٹنگ میں بزنس کمیونٹی سے تعلق رکھنے والے صنعتکاروں، مل مالکان اور تاجروں کے علاوہ علاقے کے معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وسیم اختر اور محمد رضا ہارون نے کہا کہ گزشتہ 60 برسوں سے قومی خزانے کو لوٹا جاتا رہا ہے اور ہر حکومت کے دور میں بینکوں سے اربوں کھربوں روپے کے قرضے لیکر معاف کرائے جاتے رہے ہیں لیکن ایم کیو ایم کے رہنماؤں، منتخب نمائندوں اور ذمہ داران کے دامن پلاٹ پرمٹ اور قرضے لیکر معاف کرانے کی سیاست سے پاک ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام کو ختم کر کے صحیح معنوں میں جمہوری نظام کو بحال کرنا چاہتی ہے تاکہ ملک بھر کے عوام کو عزت و آبروس سے زندگی گزارنے کا حق مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد مذہبی جماعتوں نے اپنے سیاسی مفادات کے حصول کیلئے پاکستان کے عوام میں نفرتیں پیدا کیں اور انہیں آپس میں لڑایا۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ 1940 کی قرارداد پاکستان کے تحت صوبائی خودمختاری چاہتی ہے، NFC کی منصفانہ تقسیم کا مطالبہ ایم کیو ایم کے منشور کا حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج سندھی، پنجابی، بلوچ، پٹھان، ہر زبان و مذہب سے تعلق رکھنے والے لوگ متحدہ کے پرچم تلے جمع ہورہے ہیں اور انشاءاللہ عوام کا یہ اتحاد پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت ثابت ہوگا۔

☆☆☆☆☆